21st October 2016

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس پشاور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

چیف کمشنر خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن عظمت حنیف اورکزئی پبی میں سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

آرٹی آئی ایکٹ سے عوامی مسائل میں کمی ہوئی، عظمت حنیف

بہتر طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، پبی میں سیمینار سے خطاب

پشاور (اے پی پی) چیف کمشنر خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن عظمت حنیف اورکزئی نے کہا ہے کہ بہتر طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور طلاعات تک رسائی اور خدمات تک رسائی کے قوانین کے تحت منتخب بلدیاتی نمائندے عوامی توقعات کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل میونسپل ہال پبی نوشہرہ میں رائٹ ٹو پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام خدمات تک رسائی کے قانون کی اہمیت وافادیت کے حوالے سے منعقدہ بلدیاتی نمائندوں کے لئے آگہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات پشاور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد	جمعۃ المبارک 19 محرم الحرام 1438ھ 21 اکتوبر 2016ء 7 کاتک 2073 ب	صفحات 16	قیمت 12 روپے	شمارہ
5	www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com			290

بہتر طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے: عظمت حنیف

خدمات تک رسائی کے قانون سے سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد بحال ہو رہا ہے: سیمینار سے خطاب

پشاور (نئی بات نیوز) چیف کمشنر خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن عظمت حنیف اورکزئی نے کہا ہے کہ بہتر طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اطلاعات تک رسائی اور خدمات تک رسائی کے قوانین اس سلسلے میں حکومت کے اہم اقدامات ہیں جن کے سبب عوام کے بنیادی مسائل کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

نئی بات | عظمت حنیف | 17

حل میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے اور منتخب بلدیاتی نمائندے ان قوانین کی بدولت عوامی توقعات کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل میونسپل ہال میں نوشہرہ میں رائٹ ٹو پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام خدمات تک رسائی کے قانون کی اہمیت و افادیت کے حوالے سے منعقدہ بلدیاتی نمائندوں کیلئے آگہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★
KP EDITION
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962444 فیکس 5962277، 5962449 ★★
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
جلد 58 | جمعہ 19 محرم الحرام 1438ھ 21 اکتوبر 2016ء 7 کاتک 2073ب | نمبر 290

اچھی طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، عظمت حنیف اورکزئی

خدمات تک رسائی قانون سے سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد بحال ہو رہا ہے، چیف کمشنر آر ٹی آئی کمیشن

نوشہرہ (نمائندہ جنگ) چیف کمشنر خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن عظمت حنیف اورکزئی نے کہا ہے کہ بہتر طرز حکمرانی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور طلاعات تک رسائی اور خدمات تک رسائی کے قوانین اس سلسلے میں حکومت کے اہم اقدامات ہیں جن کے سبب عوام کے بنیادی مسائل کے حل میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے اور منتخب بلدیاتی نمائندے ان قوانین کی بدولت عوامی توقعات کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل میونسپل

باقی صفحہ 5 نمبر 4

بقیہ | عظمت حنیف اورکزئی | 4

ہال ہی نوشہرہ میں رائٹ ٹو پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام خدمات تک رسائی کے قانون کی اہمیت و افادیت کے حوالے سے منعقدہ بلدیاتی نمائندوں کے لئے آگہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ضلع نائب ناظم نوشہرہ اشفاق، تحصیل ناظم مرتضیٰ الرحمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عرفان اللہ، ساجد لالہ اور تحصیل، یونین اور ویلج کونسلوں کے ناظمین اور ممبران کثیر تعداد میں موجود تھے۔ چیف کمشنر عظمت حنیف اورکزئی نے کہا کہ حکومتی اصلاحاتی ایجنڈے کا محور اچھی طرز حکمرانی ہے جو کہ ایک اچھی سوچ ہے جس کے تحت احتساب ایکٹ، لوکل باڈی سسٹم اور خدمات تک رسائی کے قوانین عمل میں آئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایسا نظام تجویز کیا جس میں عوام کی خدمات اچھی ہوں، اس کے بنیادی عوامل میں شفافیت لانا اور کرپشن کا خاتمہ، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، سرکاری و نجی اداروں میں معلومات تک رسائی اور مقررہ مدت میں مسائل کا حل شامل ہیں۔

uploaded on KPRTI website
21/10/2016